# خاندانوں کے لیے نقل و حمل کی رہنمائی

طلبا کے لیے نقل و حمل کی جو خدمات دستیاب ہیں وہ ہر بچے کی اہلیت اور ان خدمات کی ضروریات کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔ اگر آپ کے دستیاب انتخابات کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو اپنے اسکول سے بات کریں۔

## نقل و حمل کے طریقے

- **میٹرو کارڈز** MTA سب ویز اور غیر ایکسپریس بسوں پر استعمال کیے جانے کے لیے آپ کے اسکول کے ذریعے تقسیم کیے جاتے ہیں۔
- **اسٹاپ سے اسکول تک بس کی خدمات** اہل طلبا کو مخصوص بس اسٹاپوں سے اٹھاتی اور چھوڑتی ہے۔
- **سڑک کے کنارے سے اسکول بس کی خدمات** طلبا کو ان کے گھر کے نزدیک ترین، محفوظ ترین سڑک کے کنارے سے اٹھاتی ہے۔

## اہلیت

- **میٹرو کارڈز اور اسٹاپ سے اسکول تک بس کی خدمات:** اس کا دآرومدار **گریڈ اور فاصلے کے مطلوبات** پر ہے؛ بس کی خدمات کی دستیابی اضافی معیار کی بنیاد پر ہے، بشمول سفر کا فاصلہ اور ضلعی حدود کے۔ اس کے علاوہ، یہ خدمات ان طلبا کو فراہم کی جاتی ہیں جن کا 504 منصوبہ اسٹاپ سے اسکول تک بس کی خدمات کی تجویز کرتا ہے۔
- **سڑک کے کنارے سے اسکول تک بس کی خدمات:** یہ خدمات ان طلبا کو فراہم کی جاتی ہیں جن کے انفردی تعلیمی پروگرام (IEP) یا 504 منصوبے اسٹاپ سے اسکول تک بس کی خدمات کی تجویز کرتے ہیں۔
- **گریڈز K-6 میں عارضی رہائش گاہ میں یا عارضی نگہداشت میں رہنے والے طلبا:** بس کی خدمات کی درخواست کرنے کے اہل ہیں اور ان کے لیے سڑک کے کنارے سے اسکول تک یا سڑک کے کنارے سے بس کا روٹ تقرر کیا جائے گا۔ مزید معلومات ذیل میں ہیں۔

## استثنات تا اہلیت

- استثنات کی اقسام ذیل ہیں: طبی، عارضی رہائش، عارضی نگہداشت میں رہائش پذیر، مشترکہ تحویل، ایک جرم کا شکار، تحفظاتی احکام، اور ایک خطرہ۔
- اِن طلبا کے خاندان جو پہلے ہی سے سڑک کے کنارے سے اسکول تک بس کی خدمات موصول کرتے ہیں وہ یک طرفہ نقل و حمل کے لیے اسکول بعد اپنے گھر کے بجائے ایک مختلف مقام پر چھوڑے جانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## ایک IEP میں نقل و حمل کی سہولیات

- IEP والے زیادہ تر طلبا اسی طریقے سے اسکول آنے اور جانے کے لیے سفر کرتے ہیں جیسے بغیر IEP والے طلبا کرتے ہیں۔ IEP ٹیم ایسے بچوں کے لیے بس کی خدمات کی تجویز کرسکتی ہے جن کی قلم بند کردہ ضروریات ان کی اسکول سے اور اسکول سے آنے جانے میں سفر کرنے کی اہلیت کو متاثر کرتی ہیں۔ یہ جذباتی، طرزِ عمل، ذہنی یا ابلاغ، اور جسمانی یا طبی ضروریات ہو سکتی ہیں۔
- کچھ بچوں کو محفوظ انداز میں اسکول سے آنے جانے کے لیے نقل و حمل کی اضافی سہولیات درکار ہو سکتی ہیں۔ ان میں ذیل شامل ہو سکتی ہیں: 1:1 معاون پیشہ وران (کے ہمراہ) نقل و حمل، طبی / نرسنگ خدمات، سفر کے وقت کی حدود، فضا پر قابو، تحفظ کی واسکِٹیں، اور کار سیٹس۔
- جن خاندانوں کا ماننا ہے کہ ان کے بچے کو اسکول کے لیے سفر کے دوران ان کی معذوری کی ضروریات کی تکمیل کرنے کے لیے سڑک کے کنارے سے بس کی خدمات اور / یا نقل و حمل کی سہولیات کی ضرورت ہے تو ان کو ان کے اسکول یا CSE پر مبنی IEP ٹیم سے رابطہ کرنا چاہیئے۔

## عارضی رہائش گاہ میں یا عارضی نگہداشت (فوسٹر کیئر) میں رہنے والے طلبا

- گریڈز K-6 کے عارضی رہائش گاہ اور فوسٹر کیئر میں رہنے والے طلبا اسکول تک بس کی خدمات کے اہل ہیں۔ بس کی خدمات کی درخواست کرنے کے لیے ایک استثنات کے فارم کو ذیل طلبا کے لیے مکمل کیا جانا لازمی ہے:
    - فوسٹر کئیر
    - پری اسکول (عارضی رہائش گاہ اور عارضی نگہداشت میں رہائش پذیر)

NYC Department of Education

- ○ HRA-DV پناہ گاہیں
- ○ ہاؤس پریزرویشن اینڈ ڈولپمنٹ (HPD) پناہ گاہیں
- ○ عارضی ڈبل آپ صورتِ حال
- ○ دیگر رہائش گاہیں، مثلاً کار، پارک، عارضی رہائش گاہ سے مستقل رہائش میں منتقل ہونے والے طلبا

- جن طلبا کے IEP بس کی خدمات کی تجویز کرتے ہیں اور محکمئہ برائے بے گھر افراد کی خدمات (DHS) پناہ گاہوں میں گریڈز K-6 کے طلبا کو ایک استثنات فارم کو مکمل کرنا ضروری نہیں ہے۔
- والدین / سرپرست اپنے بچوں کو اسکول لانے اور لے جانے کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے ایک میٹروکارڈ موصول کر سکتے ہیں۔
- عارضی رہائش گاہ میں رہنے والے طلبا کے خاندان طریق کار پر مزید معلومات کے لیے اپنی پناہ گاہ کے عملے یا محکمئہ تعلیم کے علاقائی مینیجر سے بات کر سکتے ہیں: https://www.schools.nyc.gov/school-life/special-situations/students-in-temporary-housing.
- فوسٹر کیئر میں رہنے والے طلبا کے خاندان اپنے اسکول، فوسٹر کیئر کے رابطہ کار سے رابطہ کر سکتے ہیں یا ذیل پر جا سکتے ہیں: https://www.schools.nyc.gov/school-life/special-situations/students-in-foster-care.

## تیاری

- یہ یقینی بنانا کہ آپ کے اسکول کے پاس ہنگامی صورتحال میں رابطہ کی تمام معلومات تازہ ترین ہیں۔
- اپنے پتے یا رہائش کے انتظام میں کسی بھی تبدیلیوں سے اپنے اسکول کو فوراً آگاہ کریں۔
- اپنے بس اسٹاپ سے آگاہ رہیں اور لے جانے کے لیے دیے گئے وقت سے چند منٹ پہلے پہنچیں۔ توجہ کریں کہ بس چند منٹوں سے زیادہ وقت انتظار نہیں کرے گی اور اس کے لیے بس کا روٹ جاری رکھنا لازمی ہے۔

## معاونت

- اپنے اسکول سے رابطہ کریں **(اپنے اسکول سے متعلق معلومات کو ذیل پر تلاش کریں** *(schools.nyc.gov/find-a-school*
- سپورٹ حب (SupportHub) پر جائیں: https://supporthub.schools.nyc/family-topics
- ہنگامی صورت میں انتباہ کو ذیل کے ذریعے موصول کریں Notify NYC mobile app
- ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/transportation
- عارضی رہائش گاہوں میں رہنے والے طلبا کے لیے ایک علاقائی مینیجر سے ذیل پر رابطہ کریں schools.nyc.gov/school-life/special-situations/students-in-temporary-housing
- **فوسٹر کیئر میں طلبا کے لیے فوسٹر کیئر کے ایک رابطہ کار سے ذیل پر رابطہ کریں** schools.nyc.gov/school-life/special-situations/students-in-foster-care

## مسائل کو حل کرنا

ذیل پر SupportHub پر جائیں https://supporthub.schools.nyc/ اور "نقل و حمل" ("Transportation") پر کلک کریں۔

## اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں جب

- آپ کی اسکول بس مسلسل تاخیر سے آئے یا مسلسل نہ آئے۔
- آپ کو اپنے بچے کی موجودہ اسکول بس سے مسائل درپیش ہیں۔
- آپ اسکول بس کے عملے کے ایک رکن کے خلاف ایک شکایت دائر کرنا چاہتے ہیں۔
- آپ اپنے بچے کے بس کے روٹ کی معلومات کو جاننا چاہتے ہیں، ان معلومات کو نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) پر پایا جا سکتا ہے۔ https://www.schools.nyc.gov/learning/student-journey/nyc-schools-account.
- آپ اپنے بچے کے لیے بس کی خدمات کی درخواست کرنا چاہتے ہیں یا اپنی بس کی موجودہ خدمات میں ایک تبدیلی کرنا چاہتے ہیں۔
- آپ کا طالبِ علم کے میٹرو کارڈز کے بارے میں کوئی سوال ہے؟

Department of Education

- آپ کو سہولیات میں مدد کی ضرورت ہے
- آپ کے بچے کو ایک معذوری لاحق ہے اور آپ ان کے IEP یا 504 منصوبہ پر بس کی خدمات کا انتظام کرنا چاہتے ہیں۔

## بس کی کمپنی سے رابطہ کریں جب

- آپ کے بچے کی اسکول بس تاخیر سے آئے۔
- آپ کے بچے کی اسکول بس آج نہیں آئی۔
- آپ اپنے بچے کے لے جانے اور / یا چھوڑے جانے کے اوقات کے متعلق غیر یقینی ہوں۔

## دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل (OPT) سے رابطہ کریں جب

- آپ ایک بس کمپنی کے خلاف ایک شکایت دائر کروانا چاہتے ہیں۔
- آپ ایک اسکول بس کے متعلق ایک تحفظاتی تشویش کو رپورٹ کرنا چاہتے ہیں۔
- آپ کو اسکول بس پر مشتمل ایک ہنگامی صورت میں مدد کی ضرورت ہو۔
- آپ اسکول بس پر مشتمل ایک حادثے کی رپورٹ کرنا چاہتے ہیں۔
- اگر آپ کے نقل و حمل کی بازادائیگی کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو ذیل پر ای میل بھیجیں TransportationReimbursement@schools.nyc.gov.

## حقوق

- طلبا اور انکے اہل خانہ کے نقل و حمل کے حقوق ذیل پر دستیاب ہیں schools.nyc.gov/transportation-rights.

## گرمیوں کا اسکول

- طلبا گرمیوں میں اسکول بس کی خدمات کے اہل ہو سکتے ہیں؛ گرمیوں کے اسکول کے ذیل صفحے پر جائیں https://www.schools.nyc.gov/enrollment/summer.

## موسمیاتی ہنگامی حالات

- ہمارے موسمیاتی ہنگامی حالات کے طریق کار، جنہیں محکمئہ پولیس، آگ بجھانے والا محکمہ، اور نیویارک شہر کی ہنگامی انتظامیہ کے ساتھ تیار کیا گیا ہے، جو ذیل پر دستیاب ہیں schools.nyc.gov/transportation.

## نقل و حمل کی یاد دہانیاں

- **رجسٹر کروائیں:** اپنے مفت نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ کے لیے سائن آپ کریں تاکہ آپ بس کے براہِ راست معلومات اور خدمات میں تبدیلیوں کو ذیل پر ملاحظہ کر سکیں schools.nyc.gov/learning/in-our-classrooms/nyc-schools-account.
- **ہمیں باخبر رکھیں:** اپنے پتے یا رابطہ معلومات میں تبدیلیوں سے اپنے اسکول اور بس ڈرائیور کو فوری طور پر آگاہ رکھیں
- **اپنی بس ٹیم سے ملاقات کریں:** اپنے بس ڈرائیور اور معاون سے جان پہچان کریں، اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے پاس اپنی بس کمپنی کا فون نمبر ہے۔
  - **اسکول کی عمر کے بچوں کے لیے بس کمپنیاں:** schools.nyc.gov/school-life/transportation/bus-companies-for-school-age-children
  - **پری کنڈرگارٹن اور ابتدائی مداخلت بس کمپنیاں:** schools.nyc.gov/school-life/transportation/pre-k-and-early-intervention-bus-companies
- **احتیاط کرنا جاری رکھیں:** محفوظ سفر کے لیے مشوروں کو ملاحظہ کریں جو ذیل پر دستیاب ہیں schools.nyc.gov/safe-travel-tips

## سوالات ہیں یا مدد درکار ہے؟

اگر آپ کے ایسے سوالات ہیں جن کے جوابات آپ کے اسکول میں یا آپ کی بس کمپنی میں نقل و حمل کے رابطہ کار نہیں دے سکتے ہیں، schools.nyc.gov/transportation یا https://infohub.nyced.org/in-our-schools/operations/transportation-resources-for-schools پر جائیں۔

بس کو تلاش نہ کر پانے یا ایک حادثے جیسی ہنگامی صورت کے لیے OPT کی صارفین کی خدمات کی لائن پر 718-392-8855 پر رابطہ کریں۔